1st Session Urdu. 19/10/16 IST.

XII

وقت ڈیڑھ گھنٹہ　　　　بارہویں جماعت اردو　　　　نمبرات ۵۰

ہدایات:۔(۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) خوش خطی اور صفائی پر توجہ دیں۔

(۳) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کریں۔

سوال نمبر۱۔(الف) صحیح متبادل چن کر ذیل کے بیانات مکمل کیجیے۔ ۰۲

۱۔ کوئی شخص ان کو کسی علامت سے پہچان نہیں سکتا کہ یہ ـــــــــــــــــــــ

(الف) مسلمانوں کا بادشاہ ہے۔　(ب) خلیفۂ ثانی ہے۔　(ج) خلیفۂ وقت ہے۔

۲۔ حسد کی راہ سے کسی کو لعنت و ملامت کرنے کا خیال آوے تو ـــــــــــــــــ

(الف) اسکی صفت اور ثنا کرنے لگے۔　(ب) تواضع اور فروتنی جتاوے۔　(ج) محسود کی غیبت کرے۔

(ب) مندرجہ ذیل کسی دو کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔ ۰۴

۱۔ حسد کسے کہتے ہیں؟

۲۔ عورت نے پانچ روپے لینے سے کیوں انکار کیا؟

۳۔ چورن والی جِن کون اور ان کا اصل نام کیا تھا؟

سوال نمبر۲۔(الف) کسی ایک کا جواب ۶۰ تا ۷۰ الفاظ میں لکھیے۔ ۰۸

۱۔ حضرت عمر کی حکومت کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

۲۔ حسد اور غبطہ کے فرق کو مثالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔

۳۔ جلسہ گاہ میں مولانا حسرت موہانی کی گرفتاری کے منظر کو مصنف نے کس طرح بیان کیا ہے؟

(ب) درج ذیل سے کسی دو عبارت کی متن کے حوالے سے وضاحت کیجئے۔ ۰۶

۱۔ ترجمے کے ذریعے ایک زبان کی تہذیب دوسری زبان کی تہذیب کے ساتھ مل کر نئے گل کھلا سکتی ہے۔

۲۔ جیل میں قید تنہائی ملی سال بھر ایک من آٹا روز پیسا، ہتھیلیاں زخمی ہوگئیں مگر نازک خیالی اور مضمون آفرینی نہ گئی۔

۳۔ زندگی اپنی تمام دل فریبیوں اور رنگینیوں کے ساتھ میری ناز برداری کر رہی ہے۔

سوال نمبر۳(الف)۔ کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ ۰۴

۱۔ سیّد کی لوح تربت　۲۔ کشمیر　۳۔ ابن مریم

(ب) درج ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے۔ ۰۴

۱۔ کمر باندھے ہوئے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں — بہت آگے گئے، باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں

۲۔ ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی کو کسی سے ہم — منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بے کسی سے ہم

۳۔ جبیں ان کے در سے نہ سیماب اٹھے — کہ میں سر بسجدہ ہوں، سجدہ بسر ہوں

(ج) صحیح متبادل کی مدد سے درج ذیل اشعار مکمل کیجئے۔ (کوئی ایک) ۰۲

۱۔ ٹھانی تھی دل میں، اب نہ ملیں گے کسی سے ہم

(الف) مومن نہ ہوں جو ربط رکھیں بدعتی سے ہم

(ب) پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم

(ج) کیوں اپنے جی کو لگتے ہیں کچھ اجنبی سے ہم

۲۔ دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے

(الف) جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

(ب) ہائے وہ آنکھ اب پانی کی دو بوندوں کو ترستی ہے

(ج) موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

سوال نمبر۴۔ کسی ایک کا جواب ۵۰ تا ۶۰ الفاظ لکھیے۔ ۰۶

۱۔ ایرانی تہذیب کا نقشہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۲۔ مصنف نے فرانسیسی قوم کی تعریف کس طرح کی ہے۔

۳۔ مصنف نے پیرس کو جنت نگاہ کیوں کہا ہے؟

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل میں کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو (۲۵۰) تا تین سو (۳۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۱۰

۱۔ طالب علم کے فرائض — ۲۔ کس طرح کٹے گا یہ مہنگائی کا سفر

۳۔ تعلیم نسواں — ۴۔ سائنس کی کرشمہ سازیاں

سوال نمبر۶۔(الف) درج ذیل سے کسی ایک شعر کی تقطیع کیجئے اور بحر کا نام لکھئے۔ ۰۲

۱۔ میں یوں راہ ہستی میں گرم سفر ہوں — نظر بر قدم ہوں قدم بر نظر ہوں

۲۔ یہ ہے جبر فطرت کہ دار فنا میں — ضروری نہیں میرا ہونا مگر ہوں

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک صنعت کی تعریف مع مثال لکھئے۔ ۰۲

(۱) تشبیہ — (۲) تجاہل عارفانہ